**13.05.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں...... محمد عمار

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ مرکزی کابینہ نے مارکیٹنگ سیزن 2026-27 کیلئے 14 خریف فصلوں کی کم از کم امدادی قیمت میں اضافہ کیا ہے۔

☆ کابینہ نے کوئلے اور لگنائٹ کو گیس میں تبدیل کرنے سے متعلق 37 ہزار 500 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کو فروغ دیئے جانے کو بھی منظوری دی ہے۔

☆ سی بی آئی نے NEET-UG-2026 کے پیپر Leak کے سلسلے میں پانچ افراد کو حراست میں لیا ہے۔ مختلف ریاستوں میں چھاپوں کی کارروائی جاری ہے۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اپنے قافلے سے گاڑیوں کی تعداد کو کم کردیا ہے، جس کے بعد BJP کے وزراء اعلیٰ اور دیگر رہنماؤں نے اخراجات کو کم کرنے سے متعلق اقدامات کئے ہیں۔

☆ مغربی بنگال حکومت نے بھرتی کے سلسلے میں گھپلوں کی تحقیقات CBI کو سونپنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس نے ضروری سامان کی نقل وحمل پر سبھی بین ریاستی پابندیاں ختم کردی ہیں۔

☆ اور ویٹ لفٹنگ میں گاندھی نگر میں ایشیا سینئر چمپئن شپ میں بھارت کی گیانیشوری یادو نے چاندی اور کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Cabinet MSP**

اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے مارکیٹنگ سیزن 2026-27 کیلئے 14 خریف فصلوں کی کم از کم

امدادی قیمت میں اضافے کو منظوری دے دی ہے۔ نئی دلّی میں مرکزی کابینہ میٹنگ کے بعد میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ حکومت نے خریف فصلوں کی MSP میں اس لئے اضافہ کیا ہے تاکہ کسانوں کو اُن کی پیداوار کی معقول قیمت کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ خریف سیزن کیلئے کسانوں کو دی جانے والی تخمینہ رقم 2 لاکھ 60 ہزار کروڑ روپے رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ اِس سیزن کے دوران 824 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ فصلوں کی اندازاً سرکاری خرید کی جائے گی۔

جناب ویشنو نے کہا کہ سورج مکھی کے بیج کیلئے سب سے زیادہ 622 روپے فی کوئنٹل کم از کم امدادی قیمت کی تجویز پیش کی گئی ہے، جس کے بعد کپاس کیلئے 557 روپے فی کوئنٹل اور تل کیلئے 500 روپے فی کوئنٹل کی تجویز ہے۔

SB - Ashwini Vaishnaw

## Cabinet Gasification

مرکزی کابینہ نے 37 ہزار 500 کروڑ روپے کے اخراجات سے زمین کی سطح کے قریب پائے جانے والے کوئلے اور لگنائٹ کو گیس میں تبدیل کرنے کے پروجیکٹوں کو فروغ دینے کی ایک اسکیم کو منظوری دی ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ یہ اسکیم، بھارت کے کوئلہ اور لگنائٹ گیس سے پیداوار کے پروگرام کو تیز رفتاری سے آگے بڑھانے کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔

S/B: Ashwini Vaishnaw

جناب ویشنو نے کہا کہ یہ اسکیم صرف کان کنی کے شعبے سے سالانہ 6 ہزار 300 کروڑ روپے کی آمدنی پیدا کرے گی اور موجودہ جغرافیائی اور سیاسی حالات کے دوران آتم نربھر بھارت اور میک اِن انڈیا مہم کو بھی مضبوط کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس اسکیم سے کوئلے کی پیداوار والے علاقوں میں تقریباً 50 ہزار روزگار کے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ x

## Cabinet Nagpur Airport

مرکزی کابینہ نے سرکاری و نجی شراکت داری کے تحت نجی شراکت دار کے ذریعے طویل مدتی لائسنس حاصل کرکے ناگپور بین الاقوامی ہوائی اڈے کی جدید کاری اور تزئین کاری کی منظوری دی ہے۔

کابینہ کی میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ یہ قدم ناگپور ہوائی اڈے کو علاقائی ہوا بازی کے مرکز میں تبدیل کرنے کی خاطر ایک اہم سنگِ میل ہے۔ اِس کام کو ملٹی موڈل انٹرنیشنل کارگو ہب اینڈ ایئرپورٹ ایٹ ناگپور MIHAN پروجیکٹ کے تحت مکمل کیا جائے گا۔

جی ایم آر ناگپور انٹرنیشنل ایئرپورٹ لمیٹڈ GNIAL، ناگپور کے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر بین الاقوامی ہوائی اڈے کو عالمی معیار کی سہولتوں میں تبدیل کرے گی۔

مرحلہ وار ترقیاتی پروجیکٹ کے تحت مذکورہ ہوائی اڈے کی سالانہ مسافروں کو سنبھالنے کی گنجائش 3 کروڑ تک پہنچانے کا ہدف رکھا گیا ہے، جس سے یہ وسطی بھارت کا ایک اہم ہوائی اڈہ بن جائے گا۔x

## PM Cabinet Decisions

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی کابینہ کی جانب سے مارکیٹنگ سیزن 27-2026 کیلئے خریف فصلوں کی کم سے کم امدادی قیمت MSP میں اضافے کا فیصلہ، ملک کے کروڑوں کسانوں کیلئے زرعی پیداوار کی منصفانہ اور منافع بخش قیمت کو یقینی بنائے گا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ یہ فیصلہ ملک کے کسانوں کی زندگی میں مزید خوشحالی لائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ احمد آباد (سرکھیج) – دھولیرا سیمی ہائی اسپیڈ ڈبل لائن پروجیکٹ سے متعلق کابینہ کا فیصلہ ملک کے ریلوے جدید کاری کے سفر میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔

وزیر اعظم نے نے کہا کہ کابینہ سے منظور شدہ زمین کی سطح کے قریب کے کوئلے اور لگنائٹ سے گیس کی پیداوار کے پروجیکٹوں کو فروغ دینے کی اسکیم، توانائی کی یقینی فراہمی کو مزید مستحکم کرے گی، سرمایہ کاری میں اضافہ کرے گی اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کرے گی۔ x

## CBI NEET ARREST

مرکزی تفتیشی بیورو یعنی CBI نے نیٹ یو جی-2026 امتحان سے متعلق مبینہ بے ضابطگیوں اور پیپر لیک کے معاملے میں پانچ ملزم افراد کو گرفتار کیا ہے۔ پیپر لیک معاملے میں گرفتار پانچ ملزموں میں سے تین کا تعلق جے پور، ایک گروگرام اور ایک کا تعلق ناسک سے ہے۔

فی الحال متعدد دیگر مشتبہ افراد کی جانچ کی جا رہی ہے۔ ایجنسی نے آج، ملک بھر کے مختلف مقامات پر بھی تلاشی کی کارروائی انجام دی ہے۔ تلاشی اور گرفتاری کے دوران ایجنسی نے موبائل فونز سمیت متعدد قابلِ اعتراض اشیاء اور الیکٹرانک آلات ضبط کیے ہیں۔

ایجنسی، راجستھان کے خصوصی آپریشنز گروپ کے ساتھ بھی مل کر کارروائی کر رہی ہے، جس نے معاملے کی شروعاتی جانچ کی تھی۔x

## Add to CBI NEET

مہاراشٹر میں پونے پولیس نے NEET پیپر لیک معاملے میں ایک خاتون کو حراست میں لیا ہے۔ شہر کے پولیس کمشنر امیتیش کمار نے کہا کہ خاتون کو Bibwewadi علاقے سے حراست میں لیا گیا اور ابتدائی پوچھ تاچھ کے بعد اسے مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI کے حوالے کر دیا گیا۔

میڈیکل کالجوں کے انڈر گریجویٹ کورسز میں داخلے کے لیے 3 تاریخ کو منعقدہ NEET (UG) 2026 امتحان کو پیپر لیک کے الزامات کے بعد کل ردّ کر دیا گیا تھا۔lx

## PM - UAE & Europe Visit

وزیرِ اعظم نریندر مودی جمعہ کو متحدہ عرب امارات، نیدر لینڈس، سویڈن ناروے اور اٹلی کے چھ روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

نئی دلّی میں آج شام میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے، وزارتِ خارجہ میں مغربی امور کے سکریٹری Sibi George نے مطلع کیا کہ اپنے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت جناب مودی جمعہ کے روزہ UAE پہنچیں گے، جہاں وہ صدر شیخ محمد بن زائد النہیان سے ملاقات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں رہنما باہمی دلچسپی کے علاقائی

اور بین الاقوامی معاملات کے ساتھ ساتھ، خاص طور سے توانائی کے سلسلے میں اشتراک سمیت باہمی معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

SB - Sibi George

جناب جارج نے کہا کہ اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت وزیرِ اعظم اُسی دن نیدرلینڈس پہنچیں گے۔ اِس دوران جناب مودی شاہ Willem Alexander اور ملکہ Maxima سے ملاقات کریں گے اور وزیرِ اعظم Rob Jetten کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

اپنے دورے کے تیسرے مرحلے کے تحت جناب مودی اتوار کے روز سویڈن پہنچیں گے۔ وہاں وہ سویڈن کے اپنے ہم منصب Ulf Kristersson کے ساتھ وسیع تر معاملات پر دو طرفہ بات چیت کریں گے اور باہمی تجارت میں اضافے کیلئے اشتراک کے نئے امکانات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

اپنے دورے کے چوتھے مرحلے کے تحت وزیرِ اعظم پیر کے روز تیسری بھارت Nordic سَمِٹ اور باہمی رابطوں کیلئے ناروے پہنچیں گے۔

اپنے دورے کے آخری مرحلے میں وزیرِ اعظم منگل کو اٹلی پہنچیں گے۔ جناب مودی یہاں اٹلی کے صدر Sergio Mattarella سے ملاقات کریں گے اور وزیرِ اعظم Georgia Meloni سے بات چیت کریں گے۔ جناب مودی خوراک اور زرعی تنظیم FAO کے ہیڈکوارٹر بھی جائیں گے۔ بھارت 1945 سے FAO کا بانی ممبر ہے۔x

**Austerity Measures CMs**

وزیرِ اعظم نریندر مودی کی ایندھن کے استعمال میں کمی کی اپیل کا گہرا اثر دیکھنے میں آیا ہے، جس کے نتیجے میں پیٹرول اور ڈیزل کا استعمال کم کیا جا رہا ہے۔ وزیرِ اعظم نے اس کی نظیر قائم کرتے ہوئے خود اپنے قافلے کا حجم نمایاں طور پر کم کیا، جس کے بعد BJP کے کئی وزرائے اعلیٰ اور دیگر رہنماؤں نے بھی اِس طرزِ عمل کو اپنایا۔

وزیرِ اعظم کی اپیل کو مد نظر رکھتے ہوئے اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے سرکاری گاڑیوں کے قافلے میں فوری طور پر 50 فیصد کمی کرنے کی ہدایت دی ہے۔ مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو نے بھی اعلان کیا کہ وہ اپنے قافلے میں کم سے کم گاڑیوں کا استعمال کریں گے اور اپنے وزیروں کو بھی ایسا کرنے کو کہا ہے۔ انہوں نے عوام کو سرکاری ٹرانسپورٹ استعمال کرنے کی بھی ترغیب دی۔

مغربی ایشیا میں جاری تنازع کے دوران وزیر اعظم نے اتوار کو عوام سے پٹرول اور ڈیزل کے استعمال میں کمی لانے اور زرمبادلہ کی بچت کیلئے سرکاری ٹرانسپورٹ استعمال کرنے کی اپیل کی تھی۔ x

**PM Haryana Municipal Polls**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ہریانہ کے بلدیاتی اداروں کے انتخابات میں BJP کی کامیابی پر عوام کا شکریہ ادا کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اس جیت نے ایک بار پھر واضح کر دیا ہے کہ عوام نے ترقی اور بہتر حکمرانی کی پالیسیوں پر اپنا مسلسل اعتماد ظاہر کیا ہے، جنہیں BJP-NDA حکومت نافذ کر رہی ہے۔ وزیر

اعظم نے کہا کہ یہ کامیابی اس بات کی بھی علامت ہے کہ ہریانہ کے عوام ریاست کی ڈبل انجن حکومت پر بھرپور اعتماد رکھتے ہیں۔

وزیرِ اعظم نے ان تمام پارٹی کارکنان کو مبارکباد دی جنہوں نے BJP کی اس کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔x

## WB Govt Products Restrictions

مغربی بنگال حکومت نے آلو، پیاز، پھلوں، سبزیوں، تلہن غذائی اجناس، مویشیوں کے استعمال کی اشیاء اور دیگر لازمی مصنوعات کی بین ریاستی نقل و حرکت پر تمام پابندیاں ہٹا دی ہیں۔ سابق TMC حکومت نے ان اشیاء پر پابندیاں عائد کی تھیں۔ اقتدار میں آنے سے قبل BJP نے کسانوں کو پابندیاں ہٹانے کی یقین دہانی کرائی تھی۔ دوسری طرف ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے مغربی بنگال حکومت نے ٹیچروں، میونسپلیٹی اور کوآپریٹیو کی بھرتی میں ہوئے گھوٹالے کے معاملوں کو مرکزی تفتیشی بیورو CBI کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ سوویندو ادھیکاری نے آج TMC حکومت پر الزام لگایا کہ اس نے بدعنوان افسروں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے ان معاملوں میں کوئی کارروائی نہیں کی۔ حکومت نے اُن افراد کی ملازمت بھی ختم کردی ہے، جنہیں TMC حکومت نے رٹائرمنٹ کے بعد ملازمت دی تھی۔x

## Assam Assembly UCC Bill

آسام حکومت اس ماہ کی 26 تاریخ کو ریاستی اسمبلی میں یکساں سول کوڈ UCC بل پیش کرے گی۔

وزیرِ اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے نئی مدتِ کار کی پہلی کابینہ میٹنگ کی صدارت کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اِس کا اعلان کیا۔ جناب سرما نے کہا کہ آسام اسمبلی کا خصوصی اجلاس 21 سے 26 مئی تک منعقد ہوگا، جس کے دوران نو منتخب ارکانِ اسمبلی حلف لیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یکساں سول کوڈ بل، اسمبلی کے اجلاس کے آخری دن پیش کیا جائے گا۔

S/B: Himanta Biswa Sarma

اس اقدام کے ساتھ آسام، اتراکھنڈ اور گجرات کے بعد یکساں سول کوڈ بل پیش کرنے والی تیسری ریاست بن جائے گی۔x

## Shekhawat Stolen Idols

ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے آج کہا کہ امریکہ میں Smithsonian کے نیشنل میوزیم آف ایشین آرٹ سے چرائے گئے تین بھارتی نوادرات کی وطن واپسی کا مقصد بھارت کے چوری شدہ ثقافتی ورثے کی حفاظت ہے۔

نئی دلّی میں ان تاریخی نوادرات کی واپسی کے بارے میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب شیخاوت نے کہا کہ یہ کوشش عجائب گھروں میں اخلاقی اصولوں کو مضبوط بنانے کے لیے بھارت کے عزم کو ظاہر کرتی ہے۔

S/B: Gajendra Singh Shekhawat

## Manipur Violence

منی پور میں آج صبح تقریباً 10 بج کر 10 منٹ پر نامعلوم مسلح افراد نے دو بولیرو گاڑیوں پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں تین افراد ہلاک اور چار دیگر زخمی ہو گئے۔

منی پور پولیس کی رپورٹ کے مطابق یہ واقعہ Kangpokpi ضلع کے نیو Keithelmanbi پولیس اسٹیشن کے تحت آنے والے Kotzim اور Kotlen گاؤں کے درمیان زیرو پوائنٹ پر پیش آیا۔

وزیر اعلیٰ Yumnam Khemchand سنگھ نے نائب وزیر اعلیٰ جناب Losii Dikho کے ہمراہ اسپتال جا کر زخمیوں کی عیادت کی۔ ایک سرکاری بیان میں وزیر اعلیٰ نے اس حملے کی مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ دہشت گردانہ کارروائی قرار دیا اور اعلان کیا کہ ریاستی حکومت زخمیوں کے تمام طبی اخراجات برداشت کرے گی۔

وزیر اعلیٰ Khemchand سنگھ نے عوام سے تحمل کا مظاہرہ کرنے کی اپیل بھی کی اور کہا کہ جذباتی ردِعمل یا برادری کی بنیاد پر دھمکانے والے اقدامات سے گریز کیا جائے، کیونکہ اس سے حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ x

## Weight lifting

ویٹ لفٹنگ میں آج گاندھی نگر میں ایشین سینئر چمپئن شپ میں بھارت کی گیانیشوری یادو نے دو تمغے جیتے، جس میں چاندی اور کانسے کا ایک ایک تمغہ شامل ہے۔ گیانیشوری نے 53 کلوگرام Snatch زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا اور پھر مجموعی طور پر 194 کلوگرام کا وزن اٹھاکر کانسے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ اس زمرے میں 216 کلوگرام کا وزن اٹھاکر چین کی JINLAN ZHAO نے سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ ویتنام کی Hoai Huang Nguyenny نے 195 کلوگرام کے مجموعی وزن میں چاندی کا تمغہ اپنے نام کیا۔ مہاتما مندر اور Exhibition سینٹر میں پیر سے شروع ہونے والے اس چمپئن شپ میں 28 ایشیائی اور 2 دولتِ مشترکہ ممالک کے 178 ویٹ لفٹرز شرکت کررہے ہیں۔ یہ مقابلے 2026 کے دولت مشترکہ کھیلوں کیلئے کوالیفائنگ مقابلے کی حیثیت رکھتے ہیں۔x

## Trump China Visit

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ چین کے اپنے ہم منصب Xi Jinping کے ساتھ سربراہ ملاقات کیلئے آج بیجنگ پہنچے ہیں۔ کل شروع ہونے والی اپنی دو روزہ بات چیت کے دوران امکان ہے کہ دونوں رہنما ایران کے ساتھ جنگ، تائیوان کو امریکی ہتھیاروں کی فروخت، تجارت اور مصنوعی ذہانت سمیت اہم معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ دونوں رہنما دنیا کی دو سب سے بڑی معیشتوں کے درمیان محصولات اور بڑھتی اقتصادی اور تکنیکی کشیدگی پر بھی بات چیت کرسکتے ہیں۔ امریکی صدر کے ہمراہ مختلف سرکردہ کاروباری اور تکنیکی ماہرین بھی بیجنگ پہنچے ہیں۔ اُن کے ساتھ امریکی وزیرِ خارجہ Marco Rubio اور وزیرِ دفاع Pete Hegseth سمیت سینئر انتظامی عہدیداران اور وہائٹ ہاؤس کے اہم معاونین بھی ہیں۔

صدر ٹرمپ کا 2017 کے بعد سے چین کا یہ پہلا سرکاری دورہ ہے اور یہ اُن کی دوسری مدت کار میں بھی اُن کا چین کا پہلا دورہ ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے مدھیہ پردیش اور راجستھان کے مغربی خطوں میں اگلے دو دنوں تک شدید گرمی کی

لہر جیسی صورتحال کی پیشگوئی کی ہے۔
راجستھان کے مشرقی علاقے گجرات اور مہاراشٹر میں کل شدید گرمی اور لُو کا امکان ہے۔ محکمے نے اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ دلّی، پنجاب، ہریانہ، بہار، چنڈی گڑھ، چھتیس گڑھ، ادیشہ، مغربی بنگال اور شمال مشرقی ریاستوں کے کچھ مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلی گرنے کے امکانات ہیں۔ x

**Badminton**

تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن میں، اسٹار شٹلرس پی وی سندھو، لکشیہ سین اور کدامبی سری کانت نے بینکاک میں منعقدہ سنگلز مقابلوں کے پری-کوارٹر فائنل میں جگہ بنا لی ہے۔
خواتین کے سنگلز میں دو مرتبہ کی اولمپک تمغہ یافتہ پی وی سندھو نے چینی Taipei کی کھلاڑی Tung Ciou-Tong کو شکست دی ہے۔ 16 راؤنڈ کا ان کا یہ مقابلہ کل ڈنمارک کی Amalie Schulz سے ہوگا۔
نوجوان کھلاڑی دیویکا Sihag نے جاپان کی عالمی نمبر 26 کھلاڑی Natsuki Nidaira کو ہرایا ہے۔
اب ان کا مقابلہ تھائی کھلاڑی Pitchamon Opatniputh سے ہوگا۔
ایک اور میچ میں Malvika Bansood نے کناڈا کے کھلاڑی Wen Yu Zhang کو شکست دی ہے۔
اب ان کا مقابلہ چین کی Chen Yufei سے ہوگا۔ مردوں کے سنگلز میں ساتویں سیڈ یافتہ کھلاڑی لکشیہ سین نے سنگاپور کے Jia Heng Jason Teh کو شکست دی ہے۔ اب ان کا مقابلہ چینی Taipei کے Su Li-Yang سے ہوگا۔ سابق عالمی نمبر 1 کھلاڑی Kidambi Srikant نے سنگاپور کے Loh Kean Yew کو حیران کن شکست دی ہے۔ 16 راؤنڈ کے اس میچ میں اب ان کا سامنا چینی Taipei کے Su Li-Yang سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆